| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: واقفیت عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: زراعت اور مویشی

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پہچان سکیں کہ لوگ ان اگائی جانے والی فصلوں سے کس طرح مختلف قسم کی مصنوعات بناتے ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''زراعت اور مویشی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

فصلوں کو موسم کے لحاظ سے کیوں اُگایا جاتا ہے؟

گنے سے کیا بنتا ہے؟

طلبہ سے باری باری جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو مختلف فصلوں کی تصاویر اور ان کے بیج دکھائیں۔ اِن فصلوں کی اہمیت بھی بیان کریں۔
- طلبہ سے پوچھیں گھر میں استعمال ہونے والی روٹی کس فصل سے بنتی ہے۔ طلبہ کو جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کی مدد سے کپاس دکھائیں کس طرح روئی کا پھول بنتا ہے اور اس پھول سے دھاگا بنتا ہے۔ اور پھر اُس سے رنگا رنگ کپڑے تیار کیے جاتے ہیں۔
- طلبہ کو پاکستان کی دوسری فصلوں کے بارے میں بھی تفصیل سے بتائیں۔

- طلبہ سے سرگرمی کروانے کے لیے گروہ بنوائیں اور ان سے کہیں پاکستان میں بننے والی مصنوعات کی تصاویر اکٹھی کریں اور چارٹ پر چسپاں کریں۔
- طلبہ کی سرگرمی مکمل کروانے میں ان کی مدد کریں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان میں فیکٹریوں اور ملز میں ان مصنوعات کو تیار کیا جاتا ہے اور ان سے بننے والی مصنوعات سے ہم فائدہ اُٹھاتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہماری مصنوعات زرمبادلہ کے لیے دوسرے ممالک میں بھی بھیجی جاتی ہیں۔ جس سے ملک ترقی کرتا ہے،
- انھیں بتائیں ہمارا ملک زرعی ملک کہلاتا ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کا مختصراً اعادہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ :

فصل خریف کونسے موسم کی فصل ہے ؟


فصل ربیع کونسے موسم کی فصل ہے ؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اصلی مواد لگا کر سرگرمی مکمل کریں۔



## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: تصاویر میں دی ہوئی فصلوں کے نام لکھیں۔



______



______



______



______

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: _____ |

سبق کا نام: زراعت اور مویشی

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مویشی پالنے کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''زراعت اور مویشی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

آپ اپنے ارد گرد کونسے جانور دیکھتے ہیں؟

جانوروں کے کیا فائدے ہیں؟

کیا آپ نے اپنے گھر کوئی جانور پال رکھا ہے؟

طلبہ سے باری باری جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 46-47 سے متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو مویشی کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں مویشی زیادہ تر دیہاتوں میں پائے جاتے ہیں۔
- مویشیوں میں گائے، بکری، بھیڑ اور اونٹ وغیرہ ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کی مدد سے جانوروں کی تصویر دکھائیں اور ان کے فائدے بھی بتائیں۔
- دیہاتوں میں کسان مویشی پالتا ہے۔ کسان ہی ان کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔

- کچھ لوگ گھروں میں بھی پالتو جانور پالتے ہیں۔اور ان سے فائدہ حاصل کرتے ہیں جیسے مرغی سے انڈے اور اُس کا گوشت۔
- ان جانوروں کو فروخت بھی کیا جاتا ہے۔
- طلبہ کو تفصیل بتاتے ہوئے بتائیں کہ کس جانور سے ہم کون کونسا فائدہ حاصل کرتے ہیں ؟
- طلبہ کو بتائیں گائے، بھیڑ، بکری دودھ دیتی ہے اور اِس دودھ سے ہم مختلف قسم کی دوسری اشیا بناتے ہیں جیسے گھی، مکھن، دہی وغیرہ۔
- طلبہ کو بتائیں جانوروں کی کھال سے چمڑا بنتا ہے۔ جس سے بہت سا ضروری سامان بنایا جاتا ہے۔
- انھیں متن کی مدد سے اون سے بننے والی چیزوں کے بارے میں بتائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| موِیشی | موِ۔یشی | کاشت کاری/ بھیڑ بکری کا مجموعی نام |
| بُننا | بُن۔نا | دھاگوں سے کپڑا تیار کرنا |

**اعادہ: 2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ: 6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام: 2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ**

طلبہ کو فلیش کارڈز کی مدد سے جانوروں کی تصاویر دکھائیں اور اُن سے پوچھیں کہ اِن سے کون کونسی چیزیں حاصل ہوتی ہیں؟

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام:_____ |

سبق کا نام: زمینی وسائل کی حفاظت

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- شناخت کر سکیں کہ انسان پانی کس طرح ضائع کرتا ہے؟

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''زمینی وسائل کی حفاظت'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ پانی کا استعمال کن کن کاموں کے لیے کرتے ہیں؟

کیا آپ پانی کے استعمال کے دوران پانی کو ضائع کرتے ہیں؟

طلبہ ک جواب دینے میں رہنمائی اور مدد فراہم کریں۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 49 پر دیے ہوئے متن کو پڑھیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔
- اس صفحہ پر دیے گئے ''اہم الفاظ'' کے معانی بتائیں۔
- انھیں اس صفحہ سے تصویر کو انگلی کے اشارے سے نمایاں کر کے دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ تصویر میں کیا دیکھا۔ جواب دینے میں طلبہ کو مدد فراہم کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پانی زمینی وسائل میں اہمیت کا حامل ہے۔
- طلبہ کو پانی کی اہمیت سے آگاہ کریں انھیں بتائیں پانی کے بغیر کوئی جاندار زندہ نہیں رہ سکتا۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے پانی کا مختلف کاموں کے لیے استعمال بتائیں۔

- پانی ہمارے مختلف کاموں میں استعمال ہوتا ہے لیکن بہت سے کام کرتے وقت ہم پانی کا ضیائع کر دیتے ہیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے تصاویر دکھائیں اور ان کی تفصیل بتائیں کہ کس طرح ہم پانی کا ضیاع کرتے ہیں۔
- پانی کے ضائع کرنے سے ہمیں بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
- طلبہ کو ہدایت کریں کہ وہ پانی کا استعمال احتیاط سے کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سَرْمایَہ | سَر۔ما۔یَہ | اصل زر/دُولت |
| لاپرواہی | لا۔پرواہی | غفلت/بے پرواہی |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پانی کے مختلف استعمال کے بارے میں پوچھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

طلبہ سے کہیں کوئی سی تین وجوہات لکھیں جن سے آپ کے علاقے میں پانی ضائع ہوتا ہے۔